سوال

نبی کریم ﷺ کی قبر کے پاس سلام کہنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

سَلَامٌ عِنْدَ قَبْرِ النَّبِيِّ ﷺ کا طریقہ کیا ہے اور کیا کوئی نص ہے بعض لوگ عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کا قول پیش کرتے ہیں : اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ أَدَّيْتَ الْأَمَانَةَ وَنَصَحْتَ الْأُمَّةَ وَبَلَّغْتَ الرِّسَالَةَ فَجَزَاكَ اللّٰهُ أَفْضَلَ مَا جَزَا بِهِ عَنْ أُمَّتِهِ یا اس کے قریب معنی میں دوسرے لفظ۔ اس کے متعلق وضاحت فرمائیں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

نبی کریم ﷺ کی قبر کے پاس سلام کا طریقہ وہی ہے جو آپ ﷺ نے دوسری قبروں کے پاس سلام کہنے کا طریقہ تعلیم فرمایا ہے۔

هذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام ومسائل

عقائد کا بیان ج1ص64